تنقید و تبصرہ

خدائی وعدہ:۔ ڈاکٹر طٰہٰ حسین مصری کی مشہور تصنیف "الوعد الحق" کا اردو ترجمہ درسی سائز، ۲۶۰ صفحات، کتابت طباعت دیدہ زیب، قیمت تین روپے آٹھ آنے، ملنے کا پتہ:۔ نور محمد، کارخانہ تجارت کتب، آرام باغ، کراچی،

ڈاکٹر موصوف نے اُن چند مخلص صحابہؓ کے حالات ناول کے رنگ میں لکھے ہیں جو اسلام قبول کرنے کے وقت نہایت مظلوم، بیکس اور مفلس تھے یعنی غلام تھے اور بے یار و مددگار تھے۔ لیکن اللہ نے ان کو آزادی عطا کی، طاقت عطا فرمائی دوست اور مددگار عطا کئے، اونچے مرتبے عطا کئے، یہ لوگ جو غلام تھے اسلام لانے کے بعد صوبوں کے گورنر بنے سپہ سالار بنے، اور ابدی زندگی کے وارث بنے،

معراج محمد صاحب بارق واقعی لائق تحسین ہیں کہ اُنہوں نے اس کتاب کا ترجمہ اس انداز سے کیا ہے کہ اس پر تصنیف کا دھوکا ہوتا ہے۔ ذیل میں ایک اقتباس درج کیا جاتا ہے۔ تاکہ "قارئین ترجمہ کی روانی کا خود اندازہ کر سکیں،

صـ۳۰۳ " حمص کی فتح کے بعد عبداللہ ابن مسعودؓ کافی عرصہ وہیں مجاہدانہ زندگی بسر کرتے رہے، لیکن ایک روز مدینے کے مہاجرین تا صـ۳۰۶

ھم بالیقین کہہ سکتے ہیں کہ کارخانہ تجارت کے مالک نے یہ ترجمہ شایع کرکے اردو ادب کی بھی خدمت کی ہے اور مسلمانوں کے لئے مُفید لٹریچر بھی مہیا کیا ہے۔ ہم اپنے قارئین سے اس کے مطالعہ کی سفارش کرتے ہیں،

امام احمد ابن حنبلؒ:۔ مولفہ جناب نصر اللہ خانصاحب عزیز مدیر "ایشیاء" و "تسنیم"۔ درسی سائز ۱۱۰ صفحات، قیمت عہ ملنے کا پتہ:۔ مینجر مکتبہ تعمیر انسانیت، موچی دروازہ لاہور،

اس کتاب کا تعارف خود فاضل مولف نے ایسے دلکش انداز سے سُپرد قلم کر دیا ہے کہ ہم اسی کو نقل کر دینا کافی سمجھتے ہیں،

" امام احمد ابن حنبلؒ کی زندگی سے مجھے اپنی زندگی کی ابتدا ہی میں دلچسپی پیدا ہوگئی تھی ... صـ۳ و ۴

ہمیں ناشر سے صرف اتنی شکایت ہے کہ انہوں نے ایسی قیمتی اور مفید کتاب کی کتابت اور طباعت کی طرف کما حقہٗ توجہ مبذول نہیں کی۔ نیز کتاب کی معنوی خوبیاں اس بات کی متقاضی ہیں کہ اس کتاب کو مجلّد صورت میں شایع کیا جاتا۔ ہمیں امید ہے کہ آیندہ اڈیشن میں ان دونوں باتوں کی تلافی کردی جائے گی۔ یہ کتاب بلاشبہ اس لائق ہے کہ ہر مسلمان اسے پڑھ کر اپنے اندر امام صاحب موصوف کی سی استقامت پیدا کرنے کی کوشش کرے۔

صدیقؓ و فاروقؓ غیر مُسلم مورخین کی نظر میں:۔ مرتبہ پیر غلام دستگیر صاحب نامی، شایع کردہ، دائرۃ الاصلاح محلہ پیلہ بیبیاں، اکبری دروازہ۔ لاہور، یہ ۳۲ صفحے کا ٹریکٹ نامی صاحب نے اہل سنت والجماعت کی آگاہی کے لئے مرتب کیا ہے، اور اس میں حضرت صدیق اکبرؓ اور حضرت فاروق اعظمؓ کے ظاہری اور باطنی کمالات پر غیر مسلموں کی شہادت جمع کردی ہے